# 07-01-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا کہ اصلاحات کو عمل کرنے پر ہی وکست بھارت کے مقصد کو پورا کیا جانے کا امکان ہے۔

۲۔ ریاستی وزیر سیاحت جو پلی کرشنا راؤ نے کہا کہ اس مہینہ کی 13 تاریخ سے 15 تاریخ تک بین الاقوامی سطح کے کوائٹ اور سوئٹ فیسٹول کو منعقد کیا جا رہا ہے۔

۳۔ حکومت غریبوں کی حفاظت اور ان میں بھروسہ پیدا کرنے کیلئے اندراماں مکانات کی تعمیر کو روبہ عمل لا رہی ہے۔ ریاستی وزیر پی سرینواس ریڈی کا بیان۔

۴۔ بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے پناپاکا منڈل میں 69 ویں قومی سطح کے کبڈی مقابلوں کا ریاستی وزیر واکٹی سری ہری نے افتتاح کیا۔

Ponguleti Srinivasa Reddy

ریاستی وزیر ہاؤسنگ پی سرینواس ریڈی نے وزیر سیول سپلائز اتم کمار ریڈی کے ساتھ ضلع سوریہ پیٹ کے اسمبلی حلقہ حضور نگر میں زیر تعمیر دو ہزار 160 اندراماں مکانات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر وزیر پی سرینواس ریڈی نے بات کرتے ہوئے کہا کہ حکومت غریبوں کو مکانات کی فراہمی کیلئے اندراماں مکانات کی تعمیر عمل میں لا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر اسمبلی حلقہ مین 3500 مکانات کے تحت 4 لاکھ 50 ہزار مکانات کی منظوری دی گئی ہے۔ حکومت کا مقصد غریبوں کی حفاظت اور ان میں بھروسہ پیدا کرنا ہے۔

Byte Ponguleti

انہوں نے مزید کہا کہ 2012 میں 115 ایکر اراضی میں آغاز کئے گئے مکانات کی تعمیر مکمل کرتے ہوئے ان مکانات کو غریبوں میں تقسیم کیا جائے گا۔

Celebrate the Sky

ریاستی وزیر سیاحت جو پلی کرشنا راؤ نے کہا کہ اس مہینہ کی 13 تاریخ سے 15 تاریخ تک سکندرآباد پریڈ گراؤنڈ میں سلیبریٹ دی اسکائی کے نام سے بین الاقوامی کوائٹ اور سوئٹ فیسٹول منعقد کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس فیسٹول میں 19 مما لک سے 40 بین الاقوامی کوائٹ کے کھلاڑی شرکت کریں گے جبکہ اس سوئٹ فیسٹول میں 1200 اقسام کے میٹھائیوں کی نمائش کی جائے گی اور 100 دستکاری اسٹالس بھی قائم کئے جائیں گے۔

Byte Jupally

انہوں نے مزید کہا کہ اس کے علاوہ گچی باؤلی میں ہٹ ایر بیلون اور ڈرون فیسٹول منعقد ہوگا۔

Bhatti

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ عالمیانہ اور خانگیانے کے چیلنجز کے درمیان سنگارینی ادارہ کی حفاظت اور ملازمین کی فلاح و بہبود کیلئے کئے جانے والے اقدامات پر اسمبلی اجلاس کے اختتام کے 10 دنوں میں ریاستی وزرائ، ارکانِ پارلیمنٹ، ارکانِ اسمبلی، ارکانِ قانون ساز کونسل کے علاوہ سنگارینی کے سی ایم ڈی اور ڈائرکٹروں کے ساتھ ایک اعلیٰ سطحی اجلاس منعقد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سنگارینی میں ملازمین کیلئے نافذ کئے گئے ایک کروڑ روپے حادثاتی بیمہ اسکیم کو محکمہ برقی کے ڈسکام میں خدمات انجام دینے والے ملازمین کو بھی نافذ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اسی طرز پر ریاست میں خدمات انجام دینے والے تمام محکمہ جات کے ملازمین کو نافذ کرنے کے لئے کوشش کی جائے گی۔ نائب وزیر اعلیٰ نے کہا کہ سنگارینی کے حدود علاقائی ہاسپٹلوں میں مخلوعہ ڈاکٹروں، پیرامیڈکل کے عملہ کو بھی آنے والے مارچ کے اختتام تک بھرتی کیا جائے گا۔

Governor

قومی یوتھ پروگرام کے تحت قومی وکست بھارت ینگ لیڈرس ڈائیلاگ 2026ء کے مقابلوں کیلئے تلنگانہ سے منتخب ہونے والے امیدواروں نے لوک بھون میں گورنر جشنو دیو ورما سے کل ملاقات کی۔اس موقع پر گورنر نے ان امیدواروں کی ستائش بھی کی۔اس مہینہ کی 8 تاریخ کو دہلی میں وکست بھارت پروگرام کا وزیراعظم نریندر مودی افتتاح کریں گے۔

Seethakka

ریاستی وزیر سیتا اکا نے کہا کہ آدی واسی طلبہ میں کھیلوں سے متعلق مہارت پیدا کرنا اوران کی حوصلہ افزائی کیلئے ریاستی سطح پر ان کو مواقعوں کی فراہمی کیلئے چھٹویں ریاستی سطح کے گریجنا کھیلوں کے مقابلوں کا اہم مقصد ہے۔ریاستی وزیر نے آج آئی ٹی ڈی اے ایٹورونا گارم میں ریاستی سطح کے کھیلوں کے مقابلوں کا آغاز کیا۔اِس موقع پر انہوں نے بات بھی کی۔

Byte Seethakka

Bandi Sanjay Kumar

مرکزی مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے آج کریم نگر ضلع کے حضور آباد جمی کنٹہ ڈگری پی جی کالج کے اراضی میں سین تھاٹک اسٹیڈیم کی تعمیر کیلئے ساڑھے چھ کروڑ روپیوں کی منظوری کے ذریعہ تعمیر کئے جانے والے اسٹیڈیم کے اراضی کا معائنہ کیا۔اِس موقع پر انہوں نے بات کرتے ہوئے کہا کہ کریم نگر ضلع کے حضور آباد، جمی کنٹہ میونسپالٹی میں آنے والے انتخابات میں بی جے پی امیدواروں کو کامیاب بنانے پر ترقی کیا ہوتی ہے اس کو بتانے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ ضرورت پڑنے پر مزید فنڈ لاتے ہوئے اسٹیڈیم کو تعمیر کیا جائے گا۔

Vivek Venkataswamy

ریاستی وزیر ویویک ونکٹ سوامی نے کہا کہ عوام کو بہتر ٹرانسپورٹ کی سہولت فراہم کرنا ہی حکومت کا مقصد ہے۔آج انہوں نے منچر یال ضلع کے مندامری آر ٹی سی بس اسٹانڈ میں نئے بس سرویس کا افتتاح کیا اور اس موقع پر انہوں نے بات بھی کی۔

Sound Vivek Venkataswamy

Under 17 Boys Kabaddi

69ویں قومی سطح کے انڈر 17 بوائز کبڈی مقابلوں کا آغاز آج بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے ایڈولا بیارم میں عمل میں آیا۔اِن مقابلوں کا افتتاح ریاستی وزیر اسپورٹس واکٹی سری ہری اور ریاستی وزیر پنچایت راج سیتا اکا نے کیا۔اِس موقع پر ریاستی وزیر سری ہری نے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھیلوں میں ہار اور جیت فطری ہے۔انہوں نے پورے جوش وخروش کے ساتھ مقابلوں میں حصہ لینے کھلاڑیوں پر زور دیا۔

Sound Byte Vakiti Srihari

جبکہ ریاستی وزیر سیتا اکا نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ملک کے مختلف علاقوں سے آنے والے کھلاڑی ہار اور جیت کو مساوی طور پر قبول کرتے ہوئے اپنے تجربات کو حاصل کریں۔

G. Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی کے زیر صدارت ہریانہ کے مانیسر میں ملک کے کوئلہ کے شعبہ اور اس میں لائی جانے والی اصلاحات اور دیگر امور پر دو روزہ چنتن شیبر پروگرام منعقد ہوا۔ اس موقع پر ملک میں پی ایس یو کی کارکردگی میں مزید بہتری لانے کیلئے کئے جانے والے اقدامات اور اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔2030ء تک حاصل کئے جانے والے مقاصد پر منصوبوں کو قطعیت دینے کا فیصلہ لیا گیا۔اس موقع پر کشن ریڈی نے کہا کہ اصلاحات کو عمل کرنے پر ہی وکست بھارت کے مقصد کو پورا کیا جاسکتا ہے۔

LIG

حیدرآباد کے انتہائی مہنگے علاقہ گچی باؤلی میں ہاؤسنگ بورڈ نے 12 سال کے عرصہ کے بعد 111 ایل آئی جی پلاٹ کو مختص کیا ہے۔ اِس سے متعلق لاٹری کے طریقہ کار کو کل شفاف طریقہ سے منعقد کیا گیا۔ اِس موقع پر بورڈ کے وائس چیرمین وی پی گوتم نے کہا کہ مستحق افراد کو الاٹ کرنے کے لئے تمام اقدامات کئے گئے۔ ان پلاٹوں کو کھلے ہراج کے ذریعہ فروخت کرنے پر حکومت کو بھاری آمدنی حاصل ہونے کے باوجود صرف عوام کو فائدہ پہنچانے کے لئے مارکٹ سے کم قیمت پر اس کو الاٹ کیا گیا ہے۔

Phone Tapping

فون ٹیپنگ کیس معاملہ میں وزیر اعلیٰ کے بھائی کونڈل ریڈی کو سیٹ نے نوٹس جاری کی ہے۔ سیٹ نے کل صبح انہیں ان کے دفتر میں حاضر ہونے کی اِس نوٹس میں ہدایت دی ہے۔ ریونت ریڈی اپوزیشن میں رہنے کے موقع پر کنڈل ریڈی کا فون ٹیپ ہونے کی نشاندہی کر لی گئی ہے اور اس کے علاوہ دوسری جانب اسی کیس میں بی آر ایس کے لیڈر رجنے پال یادو اور سی لنگیا کو بھی کل دفتر میں پوچھ تاچھ کیلئے حاضر ہونے کیلئے نوٹس جاری کی گئی ہے۔

Gutha Sukender Reddy

قانون ساز کونسل کے چیرمین گتہ سکھیندر ریڈی نے کہا کہ رکن قانون ساز کونسل کویتا کی جانب سے کی گئی اپیل پر ہی ان کے استعفیٰ کو قبول کر لیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ جذبات سے استعفیٰ دینے کے باوجود کچھ وقت تک انتظار کرنے کے بعد اس معاملہ میں یہ فیصلہ لیا گیا۔ حیدرآباد میں انہوں نے آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں نئی پارٹی قائم کرنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ نئی پارٹی قائم ہونے کے بعد عوام میں مقبولیت حاصل کرنا مشکل ہے۔ سابق میں قائم ہونے والی مختلف سیاسی پارٹیاں ختم ہوئی ہیں۔

Encounter

چھتیس گڑھ کے سکماں ضلع میں 36 ماؤسٹوں نے ضلع سپرنٹنڈنٹ پولیس کرن چوان کے سامنے خودسپردگی اختیار کرلی۔ اِس میں سات خواتین ماؤسٹ بھی شامل ہیں۔خودسپردگی اختیار کرنے والے ماؤسٹوں پر 64 روپیوں کاانعام تھا۔ یہ بات ضلع ایس پی نے بتائی۔

Transport

محکمہ ٹرانسپورٹ نے کہا کہ سنکرانتی تہوار کے موقع پر پرائیوٹ بسوں کی جانب سے زائد چارجس وصول کئے جانے پران کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔محکمہ ٹرانسپورٹ نے پرائیوٹ بسوں کے خلاف خصوصی مہم چلانے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے۔انہوں نے کہا کہ اشیاء کی منتقلی کرنے والے بسوں کو سیز کیا جائے گا۔ 2025-26ء معاشی سال کے دوران گزشتہ اپریل دسمبر 9 ماہ کے درمیان پانچ ہزار 142 کروڑ کی آمدنی ہونے کا محکمہ ٹرانسپورٹ نے اعلان کیا۔

Kabaddi Competition

بھدرادری کوتہ گوڑم ضلع کے پناپاکا منڈل میں 69 ویں قومی سطح کے کبڈی مقابلوں کا ریاستی وزیر واکٹی سری ہری نے افتتاح کیا۔ اس موقع پر ریاستی وزیر نے کہا کہ دوردرازا یجنسی والے علاقہ میں قومی سطح کے کھیلوں کے مقابلے منعقد ہونا باعث فخر ہے۔انڈر 17 بوائز کے مقابلوں میں 28 ریاستوں سے تعلق رکھنے والی 33 ٹیمیں اِن مقابلوں میں حصہ لے رہی ہیں اور یہ مقابلے اس مہینہ کی 11 تاریخ تک جاری رہیں گے۔

○○